| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چھٹا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ث' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ث' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت/ بناوٹ سے 'ث' لکھ سکیں حرف 'ث' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ث' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو "حروف تہجی اُردو کے"، نظم سنائی جائے گی۔ اور اُسے لے کر 'ت' تک درست تلفظ صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:** معلمہ ہاتھ میں حرف 'ث' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔ اور بچوں کو السلام علیکم کہہ کر 'ث' کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف 'ث' ہوں دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہو جاتی ہے۔ اور حرف 'ث' کی آدھی شکل 'ر' کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔ 'ث' حروف تہجی کا ساتواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ث' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'ث' کے ذخیرہ الفاظ ثمر اور ثلث فلیش کارڈ کے ذریعے کروائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ث' سے بہت کم الفاظ شروع ہوتے ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر تین نقطے ہوتے ہیں۔ تختہ سفید/ سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔ جس پر بچوں کو حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ث' لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 31 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ث' کی پوری شکل پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کے ذریعے اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ پلے ڈو دے کر حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل بنانے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** بچوں کو حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء<br>حرف 'ث'<br>Puppet Stick Card<br>پلے ڈو<br>کتاب صفحہ نمبر 31 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ث' کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری نرسری چھٹا ہفتہ | موضوع: | حرف ’ث‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ث‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت/ بناوٹ سے ’ث‘ لکھ سکیں حرف ’ث‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف ’ث‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو ’’حروف تہجی اردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو ’ث‘ کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو ث کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ثمر کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ پھل جب اکٹھے ہوں تو اُن کو ثمر کہا جاتا ہے۔ بچوں سے اُن کے پسندیدہ پھلوں کے بارے میں پوچھا جائے گا اور اُن کو بتایا جائے گا کہ پھل ہمارے لیے بہت فائدہ مند ہوتے ہیں۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف ’ث‘ کی پوری اور آدھی شکل بنوایئے تا کہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہوجائے۔<br>**مرکزی سرگرمی:** بچوں کو پانچ ’ب تا ث‘ اور نقطوں کے کٹ آؤٹ دیئے جائیں گے بچوں کو کہا جائے گا ’ث‘ کٹ آؤٹ کو میز پر رکھیں ۔اور ’ب‘ سے لے کر ’ث‘ تک کٹ آؤٹس پر نقطے لگائیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ 32 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ دی گئی تمام تصاویر کے نام بتائے جائیں گے۔ ’ث‘ سے بننے والے الفاظ سے حرف ’ث‘ کو ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:** بچوں سے ثمر، ثواب، ثلث ثابت کی ابتدائی پوچھی جائیں گی۔<br>گھر کا کام: کتاب صفحہ 33 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>کٹ آؤٹ،<br>نقطے کٹ آؤٹ<br><br>کتاب صفحہ<br>32 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ث‘ کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری نرسری چھٹا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ث' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ث' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت/ بناوٹ سے 'ث' لکھ سکیں حرف 'ث' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔حرف 'ث' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ث' سے ثواب کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہمیں کیا کام کرنے سے ثواب ملتا ہے؟۔ بچوں کو تاکید کریں کہ روزانہ ایسے کام کیا کریں جن سے ہمیں ثواب ملے۔ بچوں کو کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ث' بنائیے۔اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ث' کی ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی جس میں وہ حرف 'ث' اور حرف 'پ' میں سے حرف 'ث' کی نشاندہی کریں گے۔ بچوں سے 'ث' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 34 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ث' اور اس کی آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ 34 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ث' کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری نرسری چھٹا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ث' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ث' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/ بناوٹ سے 'ث' لکھ سکیں حرف 'ث' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ث' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ث' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔حرف 'ث' کا تلفظ اور اس کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ث' سے زیادہ الفاظ نہیں بنتے 'ث' کے تمام الفاظ ثابت، ثلث، ثمر دہرائے جائیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے تختہ سیاہ/سفید پر ب تا ث حروف پہیلی کے ذریعے لکھوائے جائیں گے۔مثال کے طور پر میں 'ب' خاندان کا ایک حرف ہوں میرے اوپر تین نقطے ہیں۔ میں کون ہوں۔اسی طرح باقی حروف بھی پوچھے جائیں گے۔کاپی پر حرف 'ث' اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے میں بچوں کی راہنمائی کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ا سے لے کر ث' تک حروف تختہ سیاہ/سفید پر لکھوائے جائیں گے۔ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br><br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء<br><br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ث' کی پہچان آواز اور اُس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری نرسری چھٹا ہفتہ | موضوع: | دہرائی 'ا تا ث' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حروف 'ا تا ث' کا تلفظ صوتی آواز، چھوٹی اشکال اور ان سے شروع ہونے والے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف 'ا تا ث' کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ جن حروف کی آدھی شکل نہیں ہوتی ان کے بارے میں پوچھا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف 'ا تا ث' کی دہرائی کریں گے۔ 'ا تا ث' تصاویر فلیش کارڈ باری باری دکھا کر اشیاء کے نام اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 36 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تصویر کو دیکھ کر درست حرف کے گرد دائرہ لگانے کو کہا جائے گا۔ صفحہ 37 پر دیے گئے حروف کی آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ تختہ سفید/ سیاہ پر حروف 'ا تا ث' لکھے جائیں گے اور بچوں کو چھوٹی اشکال کے فلیش کارڈ دے کر حرف کے ساتھ چسپاں کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں حروف 'ا تا ث' بنانے کی مشق کی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 38 ,35 کیجیے۔<br>کاپی پر حرف 'ث' اور اسکی آدھی شکل کی لکھائی کیجیے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 36, 37 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حروف 'ا تا ث' کی درست نشاندہی کرنے پر۔ |